## سوال

ناپاک کپڑا کیسے پاک کیا جائے ؟

## جواب

ناپاک کپڑے کی طہارت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ناپاک کپڑے کو کیسے پاک کیا جائے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ناپاک کپڑوں کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر نجاست نظر آنے والی ہو جیسے پاخانہ وغیرہ جو نظر آتا ہے تو کپڑے کو اتنا دھویا جائے کہ نجاست زائل ہو جائے یا جب نجاست زائل ہوجانے کا ظنِ غالب ہوجائے تو کپڑا پاک سمجھا جائے گا اور اگر نجاست نظر آنے والی نہیں جیسے پیشاب وغیرہ جو خشک ہوجانے پر نظر نہیں آتا تو پھر اس کپڑے کو تین مرتبہ پانی میں ڈال کر دھویا جائے اور ہر مرتبہ کپڑے کو نچوڑا بھی جائے ۔ سیدہ فاطمہ بنت منذر رضی ا عنہا سے حدیث مبارکہ مروی ہے : عَنْ أَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِی بَکْرٍ اِنَّھَا قَالَتْ : سَأَلَتْ رَسُوْلَ ا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فَقَالَتْ : یَارَسُوْلَ ا ، اَرَاَیْتَ اِحْدَانَا اِذَا أَصَابَ ثَوْبَھَا الدَّمُ مِنَ الْحَیْضَۃِ کَیْفَ تَصْنَعُ ؟ قَالَ : اِذَا أَصَابَ اِحْدَاکُنَّ الدَّمُ مِنَ الْحَیْضِ فَلْتَقْرِصْہ ثُمَّ لِتَنْضَحْہُ بِالْمَاءِ ثُمَّ لِتُصَلِّ (ابوداؤد : 361) ''حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی ا عنہما نے فرمایا کہ ایک عورت حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض گذار ہوئیں : یارسول ا ! جب ہم میں سے کسی کے کپڑے کو حیض کا خون لگ جائے تو کیا کرے ؟ فرمایا : جب تم میں سے کسی کے کپڑے پر حیض کا خون لگ جائے تو اسے کھرچ دے پھر اسے پانی سے دھودے اور پھر نماز پڑھ لے ۔ ''گویا ناپاک کپڑوں کو دھونے سے وہ پاک ہوجاتے ہیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث